21-02-2024

نظام المدارس پاکستان

سالانہ امتحان 2024ء

مضمون:	فقہ	کل وقت:	30منٹ
کلاس:	ترجمہ و تفسیر کورس (سال اول)	کل نمبر:	20

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں):__________________

نام طالبعلم:__________________

حصہ معروضی

سوال نمبر 1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ کاٹ کر لکھا ہوا غلط تصور ہو گا۔

1۔ طہارت سے مراد ہے:

(الف) ستھرا ہونا (ب) گندا ہونا (ج) صاف کرنا (د) گندگی وناپاکی سے پاک ہونا

2۔ نجاست کی قسمیں ہیں:

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

3۔ لفظ "وُضُو" ہے:

(الف) مصدر (ب) اسم آلہ (ج) اسم زمان (د) اسم ظرف

4۔ وضو کے واجب ہونے کی شرائط ہیں:

(الف) پانچ (ب) چھ (ج) سات (د) آٹھ

5۔ وضو کرنے کے آداب ہیں:

(الف) تیرہ (ب) چودہ (ج) پندرہ (د) سولہ

6۔ وضو کرنا اتنے کاموں کے لیے فرض ہے:

(الف) تین (ب) چار (ج) پانچ (د) چھ

7۔ مکروہ سے مراد ہے:

(الف) خوبصورت (ب) پسندیدہ (ج) ناپسندیدہ (د) اچھا لگنا

8۔ مکروہات وضو ہیں:

(الف) نو (ب) دس (ج) گیارہ (د) بارہ

9۔ نماز کے واجبات ہیں:

(الف) بارہ (ب) تیرہ (ج) چودہ (د) پندرہ

ورق الٹیے

10۔ نبی کریم ﷺ نے اتنی جگہوں پر نماز پڑھنے سے منع فرمایا ہے:

(الف) چھ (ب) سات (ج) آٹھ (د) نو

11۔ کفویت کا معنی ہے:

(الف) قبول کرنا (ب) چھوڑنا (ج) برابری (د) رکھنا

12۔ کفایت میں چیزوں کا اعتبار ہوتا ہے:

(الف) چار (ب) پانچ (ج) چھ (د) سات

13۔ نکاح کی شرائط ہیں:

(الف) تین (ب) چار (ج) پانچ (د) چھ

14۔ نکاح کے ارکان ہیں:

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

15۔ بلحاظ تاثیر طلاق کی اقسام ہیں:

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

16۔ طلاق کے لغوی معنی ہیں:

(الف) علیحدہ کرنا (ب) جدا کرنا (ج) دور کرنا (د) چھوڑ دینا

17۔ طلاق بدعی کہتے ہیں:

(الف) مسنون طلاق کو (ب) طلاق مغلظہ کو (ج) غیر مسنون طلاق کو (د) طلاق بائن کو

18۔ "معتوہ" کہتے ہیں:

(الف) پاگل (ب) مغشی (ج) مغلوب العقل (د) مدہوش

19۔ طلاق بدعی کی اقسام ہیں:

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

20۔ استخارہ کا معنی ہے:

(الف) بتانا (ب) صلاح دینا (ج) مشورہ کرنا (د) پوچھنا

21-02-2024

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2024ء

مضمون:	فقہ	کل وقت:	2:30 گھنٹے
کلاس:	ترجمہ و تفسیر کورس (سال اول)	کل نمبر:	80

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں): ____________________

سوال نمبر 2: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ **2x10=20**

1۔ نجاست کی تعریف کریں۔

2۔ نجاست غلیظہ کا حکم بیان کریں۔

3۔ نجاست خفیفہ کا حکم بیان کریں۔

4۔ مسواک کی فضیلت میں حضور اکرم ﷺ کی ایک حدیث تحریر کریں۔

5۔ وضو کرنے کے دوران اگر وضو ٹوٹ جائے تو کیا دوبارہ دھرانا چاہیے؟

6۔ کیا بغیر وضو قرآن مجید کو پڑھنا اور چھونا جائز ہے؟

7۔ غسل سے کیا مراد ہے؟

8۔ غسل کے فرائض تحریر کریں۔

9۔ آذان دینے کی فضیلت میں ایک حدیث تحریر کریں۔

10۔ نماز کو دین کا ستون کیوں کہا گیا ہے؟

11۔ قرآن مجید میں کتنے مقام پر نماز پڑھنے کا حکم دیا گیا ہے؟

12۔ نماز کے کتنے فرائض ہیں؟

سوال نمبر 3: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ **2x10=20**

1۔ نکاح شغار سے کیا مراد ہے؟

2۔ نکاح الخذن سے کیا مراد ہے؟

3۔ تجدید نکاح کسے کہتے ہیں؟

4۔ محرمات سے کیا مراد ہے؟

5۔ حرمت نصب کسے کہتے ہیں؟

6۔ حرمت ملک کسے کہتے ہیں؟

7۔ چار عورتوں سے زائد حرمت سے کیا مراد ہے؟

8۔ مہر مسمیٰ کسے کہتے ہیں؟

9۔ مہر مثلی سے کیا مراد ہے؟

10۔ ظہار کی شرائط کیا ہیں؟

11۔ یمین معقود یا منعقدہ کسے کہتے ہیں؟

12۔ عدت کسے کہتے ہیں؟

تفصیلی سوالات

سوال نمبر 4: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے جوابات تحریر کریں۔ **10x2=20**

i. نماز میں نیت اور استقبال قبلہ کے ظاہری اور باطنی آداب بیان کریں۔

ii. فرض، واجب اور سنت کی تعریفات بیان کریں۔ نیز سنت کی اقسام لکھیں۔

iii. حیض، نفاس اور استحاضہ کی تعریفات لکھتے ہوئے حیض اور نفاس کی مدت بیان کریں۔ نیز حیض و نفاس والی معلمہ قرآن کی تعلیم کس طرح دے سکتی ہے؟ تفصیلاً تحریر کریں۔

سوال نمبر 5: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے جوابات تحریر کریں۔ **10x2=20**

i. کیا رشتوں کی تلاش میں نسب اور خاندان کو دیکھنا ضروری ہے؟ حدیث شریف کی روشنی میں مفصل نوٹ تحریر کریں۔

ii. طلاق دینے کا اختیار کس کو ہے؟ کیا خاوند طلاق کا حق شرعی طور پر بیوی کو تفویض کر سکتا ہے؟ تفصیلاً تحریر کریں۔

iii. نفقہ کسے کہتے ہیں؟ نفقہ زوجیت کی کتنی اقسام ہیں؟ نیز شوہر پر بیوی کا نفقہ واجب ہونے کی شرائط تحریر کریں۔